رائزنگ کراچی

رائزنگ کراچی کی چیدہ خصوصیات موبائل فون پر شہر بھر کی معلومات



محمد عبدالناصر

(ڈائریکٹر آئی ٹی' کے ایم سی/ پروجیکٹ ڈائریکٹر رائزنگ کراچی)

☆ یہ ایک برق رفتار موبائل انفارمیشن سروس ہے..... صرف ایک کلک کے فاصلے پر۔

☆ یہ ایک کلاسیفائیڈ گائیڈ ہے..... کلاسیفائیڈ اس طرح کی میٹروپولیٹن شہری خود فیصلہ کر سکتے ہیں کہ کے ایم سی کی کس سروس تک رسائی چاہتے ہیں، اور وہ بھی فوراً۔

☆ کے ایم سی کی تمام سروسز کا شوکیس۔

☆ چار آپریشن سسٹمز اس RK ایپلی کیشن کا حصہ ہیں: iOS (Apple), Blackberry, Android, Symbian

☆ موبائل فونز پر شہر بھر کی معلومات فوری دستیاب۔

☆ چھ عدد وسیع معلوماتی کیٹگریز جو ہیلتھ' ٹریول انفارمیشن' کراچی پیجز' اعلانات اور دیگر جیسا کہ بارش/ فائر الرٹس/ ایمرجنسی/1339 کے ذریعے درج کرائی گئیں شکایات کا اسٹیٹس' کے ایم سی ورک فلو مینجمنٹ پر مشتمل ہے۔

☆ کے ایم سی ڈپارٹمنٹس' ٹاؤن میونسپل ایڈمنسٹریشنز' یونین کونسل ایڈمنسٹریشنز کے حوالے سے کئے جانے والے اقدامات۔

☆ جاری منصوبوں کی سرگرمیاں اور شیڈول۔

☆ ایونٹس اور شہری مہمات مثلاً اینٹی ڈاگ (کتا مار) مہم' صفائی مہم' پولیو کے خلاف مہم' اسپرے اور فیومیگیشن مہم وغیرہ۔

☆ سیوریج لائنوں اور سیلابی پانی کی نالیوں کی صفائی۔

☆ شکایات کی تفویض اور اس سے متعلق کارروائی۔

☆ شہر میں روزمرہ سرگرمیوں کے احوال اور الرٹس۔

☆ ویکسینیشن کیلنڈر جس میں بچے کی عمر اور اس کے لئے ضروری ویکسینیشن کی معلومات۔

☆ شہر میں تمام ہسپتالوں، نجی و سرکاری، میں فراہم کی جانے والی خدمات کے بارے میں معلومات اور ہسپتالوں کی نوعیت مثلاً او پی ڈی/ کارڈیک/ رینل جیسا کہ SIUT/ اسکن وغیرہ۔

☆ ہسپتالوں میں دستیاب سہولتوں کی معلومات جیسا کہ لیبارٹریاں اور ای سی جی / فارمیسی/ وینٹی لیٹرز/ فون نمبرز۔

☆ بیماری کی علامات اور اس کی تدارک کے بارے میں معلومات اور ڈینگی، ذیابیطس، تپ دق، فلو، بی پی وغیرہ سے بچنے کے لئے احتیاطی تدابیر۔

☆ ٹریول گائیڈ انفارمیشن بشمول ٹیکسیاں (کیب سروسز' فون نمبرز)/ گرین بسیں/ ایئر لائنز/ ٹریول ایجنسیاں اور روٹس تلاش کرنے کے آپشنز۔

☆ الرٹس برائے نماز کے اوقات، موسم کی صورتحال، آئندہ منصوبے، جاری منصوبے، اینوٹ کیلنڈر اور ٹریفک کی روانی کے بارے میں اپ ڈیٹس۔

☆ نیلام کی معلومات مثلاً پارکنگ/ سینی ٹیشن/ مذبح خانے/ پارکس/ کراچی چڑیا گھر/ متروکہ اشیاء/ املاک اور دیگر تجارتی اقدامات۔

☆ کراچی پیجز میں ٹاؤنز' یونین کونسلز' ہوٹلز اور رہائشی سہولیات' تفریحی مقامات' یوٹیلیٹی اسٹورز، کے ایم سی ڈپارٹمنٹس، شاپنگ مالز، کھانے کے مقامات/ بیکریوں، پوسٹل کوڈز وغیرہ کی معلومات۔

☆ پولیس اسٹیشنز، ایمرجنسی رابطہ نمبرز، بینکس اور اے ٹی ایم کی لوکیشنز۔

☆ تعلیمی گائیڈ میں اسکولوں اور تعلیمی اداروں، کالجوں/ جامعات کے بارے میں معلومات۔

☆ RK کے ذریعے شہری 1339 پر درج کردہ اپنی شکایات پر عمل درآمد کے بارے میں معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔

☆.....☆.....☆

